Texas Education Agency

جانچنے کا مؤخر اور رد شدہ عمل اور تعویضی خدمات

خاندانوں کے لیے معلومات:

تعویضی خدمات سے کیا مراد ہے؟



تعویضی خدمات طلباء کی *تعلیمی سرگرمیوں میں پیشرفت یا ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں واقع ہونے والی کمی* کو پورا کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے فراہم کی جاتی ہیں *جو خصوصی تعلیم کی خدمات کی فراہمی کا سلسلہ منقطع ہونے کے دوران وہ کھو چکے ہوتے ہیں*۔ اس میں وہ حالات شامل بھی ہیں جہاں کسی بچے / بچی کو خصوصی تعلیم کی خدمات حاصل نہیں ہوتی ہیں کیونکہ وہ جانچنے کے بروقت ابتدائی عمل سے محروم رہ گیا تھا / رہ گئی تھی، لیکن بعد میں وہ اس کا اہل پایا گیا تھا / پائی گئی تھی۔

کون فیصلہ کرنے کا مجاز ہے کہ تعویضی خدمات کی فراہمی ضروری ہے؟

داخلہ دینے، نظرثانی کرنے، یا خارج کرنے کا فیصلہ کرنے (ARD) والی کمیٹیاں تعویضی خدماتکی فراہمی کی ضرورت ہونے اور ان خدمات کی نوعیت کے بارے میں فیصلہ کرنے کی مجاز ہیں۔ والدین اور سرپرست ARD کمیٹی کے ارکان ہوتے ہیں۔ ***آپ کی شرکت انتہائی ضروری ہے۔***

تعویضی خدمات کے بارے میں فیصلے آپ کے بچے کے لیے بطور فرد لینے ہوتے ہیں۔ ARD کمیٹی اسپیشل ایجوکیشن سروسز کی مقدار اور نوعیت پر تبادلہ خیال کرے گی جس سے آپ کا بچہ / بچی محروم رہ گیا / گئی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کے بچے / بچی کو فراہم کردہ غیر خصوصی تعلیمی معاونت، خدمات، یا وسائل کا بھی جائزہ لے گی۔

Texas Education Agency

جانچنے کا مؤخر اور رد شدہ عمل اور تعویضی خدمات

میں اپنے بچے / بچی کے لیے تعویضی خدمات کی درخواست کیسے کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے بچے / بچی کو تعویضی خدماتکی ضرورت ہے تو آپ کو ARD کمیٹی کے اجلاس کی درخواست کرنی چاہیے۔ **والدین کسی بھی وقت ARD کمیٹی کے اجلاس کی درخواست کر سکتے ہیں۔** بہتر ہے کہ آپ اپنی درخواست تحریری طور پر کسی منتظم کو بھیج دیں۔ آپ کے بچے / بچی کے سکول منتظمین کو آپ کی درخواست کا جواب دینا چاہیے اور انہیں آپ کو بتانا چاہیے کہ آیا وہ آپ کی درخواست سے اتفاق کرتے ہیں یا نہیں۔

آپ کے بچے / بچی پر خصوصی تعلیم کی خدمات سے محروم رہ جانے کا کیسے اثر ہوا؟

خصوصی تعلیم کے لیے اہل ہونے سے پہلے اپنے بچے / بچی کو ملنے والی **معاونت، خدمات، یا وسائل کے بارے میں سوچیں اور یہ کہ اس کا آپ کے بچے / بچی پر کتنا اچھا اثر مرتب ہوا۔**

- کیا آپ کے بچے / بچی میں کوئی بہتری آئی؟
- کیا آپ کے بچے / بچی کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں موجود خلا میں اضافہ ہوا یا اس میں کمی واقع ہوئی؟
- اس بارے میں بات کرنے کے لیے تیار رہیں کہ کس چیز کا کتنا اثر ہوا اور کس کا کوئی اثر نہیں ہوا اور یہ کہ آپ نے کونسی پیشرفت محسوس کی ہے۔

آپ کے خیال میں آپ کے بچے / بچی کو کن خدمات کی ضرورت ہے؟

اگر تعویضی خدماتکی ضرورت ہے **تو غور سے سوچیں کہ یہ خدمات کیسے اور کب فراہم کی جا سکتی ہیں۔** اپنے بچے کی تعلیم سے بہت زیادہ توقعات رکھنا بہت ضروری ہے لیکن ساتھ ہی اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ ایک وقت میں بہت زیادہ بوجھ ڈال کر ان کے زندگی کے کسی دوسرے شعبے کو مسائل کا شکار بنا کر اپنے بچے کو مغلوب نہ کریں۔

تعویضی خدماتکی فراہمی کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ رہ جانے والی ہر ایک منٹ کی خدمات کو پورا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس بارے میں مزید سوچنے کی کوشش کریں کہ ان خدمات کے ضائع ہونے کے اثرات کو کیسے کم کیا جا سکتا ہے اور وہ کون سے طریقے ہیں جن سے آپ کے بچے / بچی کی پیشرفت کو تیز کیا جا سکتا ہے بجائے اس کے کہ صرف ان خدمات کے اوقات کو پورا کرنے کی کوشش جائے جو فراہم نہیں کیے گئے تھے۔